CODE-51

Booklet Serial No.

دستخط نگران کار

# مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

## پی ایچ ڈی (سماجیات)

## انٹرنس ٹسٹ پرچہ سوالات، مئی 2026

Hall Ticket No.

OMR Serial No.

**Time: 2hrs** **Maximum Marks: 70**

## امیدواروں کے لیے ہدایات

1. اوپر فراہم کی گئی جگہ پر اُمیدوار اپنا ہال ٹکٹ نمبر اور OMR نمبر لکھیں۔ امیدوار اپنا ہال ٹکٹ نمبر اور OMR نمبر کسی اور جگہ نہ لکھیں۔
2. یہ سوال نامہ (**20**) صفحات پر مشتمل ہے۔ امیدوار امتحان دینے سے پہلے سوالنامہ چیک کریں۔ کسی بھی تضاد کی صورت میں، نگران کار کی جانب سے ایک نیا سوالنامہ فراہم کیا جا سکتا ہے۔
3. سوال نامہ حصہ A اور حصہ B پر مشتمل ہے۔ حصہ A میں 50 متعدد انتخابی سوالات (MCQ) ہیں، ہر ایک میں چار آپشنز ہیں۔ امیدوار صحیح جواب کا انتخاب کریں اور OMR شیٹ پر نیلے یا سیاہ بال پوائنٹ قلم کا استعمال کرتے ہوئے متعلقہ دائرے کو نشان زد کریں۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ OMR شیٹ میں متعلقہ سوال نمبر کے سامنے صحیح جواب پر صحیح طریقے سے نشان نہ ہونے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اس کے علاوہ، اگر کسی سوال کے لیے ایک سے زیادہ آپشن نشان زد کیے گئے ہیں تو اس سوال کے لیے کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔
4. حصہ دوم چار وضاحتی سوالات پر مشتمل ہے، ہر سوال کے لیے 5 نمبر ہیں۔ جوابات صرف 8 صفحات پر مشتمل دیے گئے جوابی پرچے میں ہی لکھیں جائیں۔ کوئی اضافی جوابی پرچہ جاری نہیں کیا جائے گا۔
5. کوئی منفی نشانات نہیں ہیں۔
6. انٹرنس ٹسٹ کے اختتام پر، امیدواروں کو اجازت ہے کہ وہ اپنا سوال نامہ لے جائیں۔ OMR شیٹ اور جوابی پرچہ نگران کار کے حوالے کر دیں۔

***

CODE-51

# Part A

## Section 1 – Research Methodology

1. ایتھنوگرافی بطور طریقہ کس تصور سے زیادہ قریب ہے؟

(A) مثبتیت
(B) تشریحی نقطہ نظریہ
(C) فنکشنلزم
(D) ساختیات

2. "Thick description" کا تصور کس نے پیش کیا؟

(A) Clifford Geertz
(B) Malinowski
(C) Radcliffe-Brown
(D) Mead

3. تھامس کوہن کے مطابق سائنسی انقلاب کب آتا ہے؟

(A) جب ڈیٹا بڑھتا ہے
(B) جب پیراڈائم بدلتا ہے
(C) جب مفروضہ جانچا جاتا ہے
(D) جب نظریہ ثابت ہوتا ہے

4. پیراڈائم میں کیا شامل ہوتا ہے؟

(A) صرف نظریہ
(B) مشترکہ مفروضے اور طریقے
(C) ڈیٹا
(D) مفروضہ

5. جینیالوجی بطور طریقہ کا مقصد کیا ہے؟

(A) مستقبل کی پیش گوئی
(B) تاریخی طور پر قوت کے ربط و تعلق کا سراغ لگانا
(C) شماریاتی تجزیہ
(D) سروے

6. ڈسکورس تجزیہ میں کس چیز کا مطالعہ کیا جاتا ہے؟

(A) معیشت
(B) زبان اور طاقت کا تعلق
(C) حیاتیات
(D) رویہ

7. ایتھنوگرافی (ethnography implies) میں انعکاسیت کا مطلب کیا ہے؟

A) صرف معروضیت
(B) محقق کی خود آگاہی
(C) تعصب کا خاتمہ
(D) نمونہ گیری

8. (Verstehen) کا تصور کس سے وابستہ ہے؟

(A) درکھائم
(B) ویبر
(C) مارکس
(D) کامٹ

9. مثالی نمونہ کیا ہے؟

(A) حقیقی مظہر
(B) تجزیاتی تصور
(C) قانون
(D) متغیر

10. مثلثی تحقیق کیا بہتر بناتی ہے؟

(A) تعصب
(B) اعتبار
(C) غلطی
(D) نمونہ گیری

11. قیاسی طریقہ کا منہج کیا ہے؟

(A) ڈیٹا سے نظریہ
(B) نظریہ سے ڈیٹا
(C) کیس سے آبادی
(D) کوئی نہیں

12. استقرائی طریقہ کس کی طرف لے جاتا ہے؟

(A) نظریہ سازی (B) جانچ

(C) مفروضے کی تردید (D) کوئی نہیں

13. اعتباریت کس چیز کو یقینی بناتا ہے؟

(A) درستگی (B) تسلسل

(C) صحت (D) تعصب

14. (Validity) کیا ہے؟

(A) استقلال (B) مطلوبہ تصور کی پیمائش

(C) جواب الجواب (D) غلطی

15. نمونہ کی غلطی کس بناء پر ہوتی ہے؟

(A) چھوٹا نمونہ (B) تعصب

(C) دونوں (D) کوئی نہیں

16. کیس اسٹڈی کیا ہے؟

(A) میکرو مطالعہ (B) واحد اکائی کا گہرا مطالعہ

(C) سروے (D) تجربہ

17. شراکتی مشاہدہ کیا ہے؟

(A) لاتعلقی (B) وابستگی

(C) شماریاتی (D) تجرباتی

18. تحقیقاتی اخلاقیات میں شامل ہے؟

(A) رضامندی
(B) نقصان
(C) تعصب
(D) حسبِ منشاء ڈاٹا کو مسخ کرنا

19. آزاد متغیر کیا ہے؟

(A) حاصل
(B) سبب
(C) اثر
(D) نتیجہ

20. تابع متغیر کیا ہے؟

(A) سبب
(B) اثر
(C) آزاد
(D) کوئی نہیں

21. کوڈنگ کیا ہے؟

(A) ڈاٹا کی تقسیم
(B) نظریہ
(C) نمونہ گیری
(D) مشاہدہ

22. ابتدائی مطالعہ کس چیز میں مدد کرتا ہے؟

(A) ٹولس کی جانچ
(B) فائنل رپورٹ
(C) نظریہ سازی
(D) کوئی نہیں

23. سروے طریقہ کس کے لیے بہتر ہے؟

(A) کثیر آبادی
(B) چھوٹا گروپ
(C) کیس اسٹڈی
(D) تجربہ

24. ایتھنو میتھڈولوجی میں کیا مطالعہ کیا جاتا ہے؟

(A) روزمرہ زندگی کا سماجی نظم (B) معیشت

(C) سیاست (D) حیاتیات

25. تقابلی طریقہ کس نے استعمال کیا؟

(A) درکھائم (B) مارکس

(C) پارسنس (D) میڈ

## Section 2 Sociology

26. "طاقت / علم" کا تصور کس سے وابستہ ہے؟

(A) مارکس (B) مشیل فوکو

(C) ویبر (D) پارسنس

27. "عوامی دائرہ" کا تصور کس نے پیش کیا؟

(A) مارکس (B) ہیبرماس

(C) درکھائم (D) اسپنسر

28. تنقیدی نظریہ کہاں سے آیا؟

(A) شکاگو اسکول (B) فرینکفرٹ اسکول

(C) اسٹرکچرلزم (D) فنکشنلزم

CODE-51

29. میکس ہور کھائمر نے کس بات پر زور دیا؟

(A) مثبتیت
(B) تنقیدی نظریہ
(C) فنکشلزم
(D) تجربیت

30. شہری ماحولیات کس سے وابستہ ہے؟

(A) شکاگو اسکول
(B) مارکسزم
(C) تانیثیت
(D) مابعد جدیدیت

31. مرکزی دائرہ نظریہ کس نے پیش کیا؟

(A) برگیس
(B) مارکس
(C) ویبر
(D) گڈنس

32. انڈولوجیکل طریقہ کس پر زور دیتا ہے؟

(A) متن اور روایات
(B) شماریات
(C) تجربات
(D) سروے

33. 'کاسٹ اینڈ ریس ان انڈیا' یہ کتاب کس نے لکھی؟

(A) جی ایس گھریے
(B) ۔سری نواس
(C) دومو
(D) امبیڈکر

34. "Dominant caste" کا تصور کس نے دیا؟

(A) ایم این سری نواس
(B) مارکس
(C) ویبر
(D) مشیل فوکو

35. قبائل کی خصوصیت کیا ہے؟

(A) نسلی خاندان
(B) بیوروکریسی
(C) صنعت
(D) سرمایہ

36. اقلیتی مطالعہ کس بات پر زور دیتا ہے؟

(A) حاشیہ زدگی
(B) اکثریت کی طاقت
(C) معیشت
(D) ٹکنالوجی

37. آرٹیکل 15 کس سے متعلق ہے؟

(A) مساوات
(B) جائیداد
(C) ٹیکس
(D) مذہب

38. سماجی حقائق کا تصور کس نے دیا؟

(A) درکھائم
(B) ویبر
(C) مارکس
(D) پارسنس

39. "Suicide" یہ کتاب کس نے لکھی؟

(A) درکھائم
(B) ویبر
(C) مارکس
(D) اسپنسر

40. The Protestant Ethic and Spirit of Capitalism کتاب کے مصنف کون ہیں؟

(A) ویبر
(B) مارکس
(C) درکھائم
(D) پارسنس

CODE-51

41. "ہیبیٹس"کا تصور کس نظریے کا مرکزی حصہ ہے؟

(A) ساختی فعلیت (B) علامتی تعامل

(C) پئیر رے بوردیو (D) ایتھنو میتھڈولوجی

42. "Time–space compression" سے کیا مراد ہے؟

(A) جگہ کا پھیلاؤ (B) سماجی عمل کی تیز رفتاری

(C) آبادی میں کمی (D) ثقافتی علیحدگی

43. "Time–space compression" کا تصور کس سے منسوب ہے؟

(A) انتھونی گڈنس (B) ڈیوڈ ہاروے

(C) اُرلِک بیک (D) زِگمنٹ باومین

44. "Ideology as lived experience" پر کس نے زور دیا؟

(A) کارل مارکس (B) لوئی التھوسر

(C) سلاووزیزیک /Slavoj Žižek (D) ایمائیل درکھائم /Émile Durkheim

45. "governmentality" کا تصور کس نے پیش کیا؟

(A) میکس ویبر (B) کارل مارکس

(C) مشیل فوکو (D) ٹالکٹ پارسنس

46. "عوامی دائرہ" کس نظریے کا بنیادی تصور ہے؟

(A) مارکسزم (B) فعلیت پسندی

(C) ہیبرماس (D) تانیثیت

47. "رسک سوسائٹی" کا نظریہ کس سے وابستہ ہے؟

(A) انتھونی گِڈنس
(B) اُرلِک بیک
(C) زِگمنٹ باومین
(D) بوردیو

48. شہروں میں مکانی عدم مساوات کی بہترین وضاحت کون سا نظریہ کرتا ہے؟

(A) فعلیت پسندی
(B) علامتی تعامل
(C) مارکسی شہری نظریہ
(D) مابعد جدیدیت

49. "Sanskritization" کا تصور کس نے پیش کیا؟

(A) جی ایس گھریے
(B) ایم این سری نواس
(C) لوئی دومو
(D) امبیڈکر

50. "شہر پر حق" کا تصور کس سے وابستہ ہے؟

(A) میکس ویبر
(B) ڈیوڈ ہاروے
(C) ایمائل درکھائم
(D) ٹالکٹ پارسنس

**CODE-51**

## Part B (Descriptive Questions)

**Answer all the four questions** **20Marks**

## Research Methodology

1. معیاری اور مقداری تحقیق میں فرق بیان کرتے ہوئے ایتھنوگرافی کو بطور ایک معیاری تحقیقی طریقہ بیان کریں۔

2. سماجی تحقیق میں نمونہ سازی کے طریقوں پر بحث کریں۔ نیز نمونہ سازی کی تعریف بیان کریں، اس کی اقسام کی وضاحت کریں اور سماجی تحقیق میں اس کی اہمیت پر روشنی ڈالیں۔

## Sociology

3. سماجی درجہ بندی پر ہندوستانی معاشرے کی مثالوں کے ساتھ تنقیدی بحث کریں، اور تنازعی و فعلیاتی نظریات کی اہمیت کو Karl Marx، Max Weber، Émile Durkheim، اور Talcott Parsons کے حوالے سے واضح کریں۔

4. معاصر سماجی نظریات کا Pierre Bourdieu اور David Harvey کے حوالے سے تنقیدی جائزہ لیں۔ اور بوردیو کے تصور ہیبیٹس (Habitus) اور ہاروے کے تصور اسپیشل فکس *(Spatial Fix)* پر بھی بحث کریں۔

***

**CODE-51**

## Rough Work